غصیلی اکّو

Original Publisher: Pratham Books
Author: Vinayak Varma
Illustrator: Vinayak Varma
Translator: Khaja Moinoddin Shaikh

राज्य शैक्षणिक संशोधन व
प्रशिक्षण परिषद, महाराष्ट्र

جب اسکول کی آخری گھنٹی بجتی ہے، تب تمام بچے زور سے چیختے اور خوش ہو جاتے ہیں.

سب! لیکن صرف اکّو کو چھوڑ کر. اکّو غصّے میں ہے.

"اکّو! اکّو! ان خوبصورت سورج مُکھی کے
پھولوں کی طرف دیکھو تو!" کھیتوں سے گزرتے
ہوئے اپّا نے کہا.

"چھی! یہ تو کچھ زیادہ ہی گہرے پیلے ہیں. ان سے
میری آنکھوں کو چبھن ہوتی ہے." اکّو نے کہا۔

"الّو! الّو! ان بَندروں کو دیکھو تو." ابّا نے چَھت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا.

"چھی" !" ہَش! ہَش! بھاگو یہاں سے".

"لو تھوڑی سی چھاچھ پی لو. "ابّا نے کہا. " یہ تمہارے غصّے کو کم کردے گی"۔
"ہمم!" "مجھے کسی چیز کی ضرورت نہیں ہے." اکّو نے کہا.
"کم از کم ایک گھونٹ ہی پی لو؟"
"ٹھیک ہے! اچھا!" اکّو نے کہا اور ایک گھونٹ پیا.
یہ اتنی بھی بُری نہیں تھی.
پھر اس نے ایک اور گھونٹ پیا.
اور پلک جھپکتے ہی سارا گلاس خالی تھا.

"کیا تم وڈا کھانا پسند کروگی؟" اپّا نے پوچھا.

"نا!" اکّو نے کہا.

"صرف ایک چھوٹا سا لقمہ؟"

" ٹھیک ہے، اچّھا!" اکّو نے کہا اوراس نے ایک لقمہ کھایا. یہ تو بہت مزے دار تھا.

پھراس نے ایک اور لقمہ لیا. اور پھر دوسرا۔ اور کچھ ہی دیر میں پوری پلیٹ خالی ہوگئ.

"اچھی بچّی، " ابّا نے کہا۔ "اب مجھے بتاؤ کہ تم غصّہ کیوں تھی؟"

"نہیں!" اکّو نے کہا.

"کیا تم میری کسی بات پر غصّہ ہو"

"نہیں"

"کیا تم امّاں کی کسی بات پر غصّہ ہو؟"

"نہیں!"

"کیا آج اسکول میں کوئی بُری بات ہوئی؟"

"شاید ایسا ہو!"

"اوہ"

"کیا تم اس کی تصویر کاغذ پر بنانا پسند کروگی؟" اپّا نے پوچھا۔ "دیکھو یہ ایک اچھا کاغذ اور کچھ رنگ ہیں."

" ٹھیک ہے، اچھا!" اکّو نے کہا.

کاغذ پر اگّو نے ایک اینٹ کی تصویر بنائی...

"یہی وہ بے وقوف اینٹ ہے جس سے میں نے آج صبح ٹھوکر کھائی تھی." اگّو نے کہا.

"تم ٹھیک کہتی ہو. یہ بہت بے وقوف اینٹ ہے." اپّا نے کہا.

پھر اکّو نے ایک لڑکے کی تصویر بنائی...

"یہ بِیکّو ہے. ایک بہت ہی بُرا لڑکا! جب میں ٹھوکر کھا کر نیچے گری تھی تو یہ مجھ پر ہَنسا تھا." اکّو نے کہا.

"تم نے صحیح کہا." اپّا نے کہا۔ "اُسے تم پر ہَنسنا نہیں چاہیے تھا."

پھر اکّو نے ایک اِڈلی بنائی...

"یہ میری اڈلی ہے." اکّو نے کہا. "جب میں اس بے وقوف اینٹ سے ٹکرائی تو یہ میرے ٹفن بکس سے اُچھل کر باہر گر گئی!."

اور پھر اکّو نے ایک کوّے کی تصویر بنائی...

"یہ بہت ہی گندہ کوّا ہے. جو میری اِڈلی لے اُڑا." اکّو نے کہا.

" وہ کوّا شاید بہت ہی زیادہ بھوکا ہوگا." اپّا نے کہا

اور اب اگّو نے اپنے ٹیچر کی تصویر بنائی.

"یہ میری ٹیچر آمالہ باجی ہیں." اگّو نے کہا۔
جب میں گری تھی تو انہوں نے مجھے اُٹھنے میں مدد کی تھی. اور
مجھے گلے لگایا تھا.

" انھوں نے یہ بہت اچھا کیا" اپّا نے کہا۔

"پھر اُنھوں نے میرے گال بھینچے." یہ مجھے پسند نہیں ہے کہ کوئی میرے گال
بھینچ دے."
"اس سے تمہیں واقعی تکلیف ہوئی ہوگی۔ ہے نا؟"
" بَس تھوڑی سی. لیکن میں اب ٹھیک ہوں."
"پر تو اچھا ہے"

"دیکھو اکّو تم نے کتنی اچھی تصویریں بنائی ہیں؟"
اپّا نے کہا.
"تم تو واقعی ایک فن کار ہو." کیا تم

امّاں کے لیے بھی کچھ تصویریں بناؤگی."
"ہہ ہہ ہاں!" اکّو نے کہا، وہ کچھ

اور تصاویریں بنانے لگی.
"یہ ایک چھوٹا سا سفید چوہا ہے... اور یہ ایک کشتی
ہے.. اور یہ ایک ناریل کا پیڑ ہے..."

"اور یہ سورج۔ مُکھی... اور یہ آپ کی سائیکل ہے
اپّا... اور یہ ایک کُتّا ہے... اور یہ ایک مینڈک
ہے.."

کچھ ہی دیر میں اگّو اس بے وقوف اینٹ کے
بارے میں سب کچھ بھول گئی جس سے ٹھوکر
لگنے سے وہ نیچے گِری تھی۔ اس بُرے لڑکے کو
بھی جس نے اس کا مزا اُڑایا تھا. اور اس اِڈلی چور
کوّے کو بھی۔

اور اگّو یہ بھی بھول گئی کہ وہ غصے میں تھی.

اگر آپ کو اُگو کی طرح غصہ آئے تو ان دس باتوں پر عمل کریں

1. قہقہوں کے ساتھ ہنسیں اپنے ہاتھ اوپر اٹھا کر اچھلیں کودیں!

2. آہستہ۔ بہت بہت آہستہ سانس اندر لیں اور باہر نکالیں!

3. تھوڑا سا پانی! یا چھاچھ پی لیں!

4. کسی پھل کا ایک ٹکڑا یا پھر ایک وڑا کھالیں!

5. گھر کے کسی بڑے کو اپنا حال بتائیں!

6. اپنے حال کے بارے میں لکھیں!

7. تصاویر بنائیں اور ان میں رنگ بھریں!

8. مٹی کے ڈھیر میں کھیلیں!

9. اپنے غصے پر ایک گیت لکھیں اور اُسے بلند آواز میں گائیں!

10. بندر کی طرح ناچیں!

This book was made possible by Pratham Books' StoryWeaver platform. Content under Creative Commons licenses can be downloaded, translated and can even be used to create new stories - provided you give appropriate credit, and indicate if changes were made. To know more about this, and the full terms of use and attribution, please visit the following link.

Story Attribution:

This story: غصیلی اکو is translated by Khaja Moinoddin Shaikh . The © for this translation lies with Pratham Books, 2023. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'Angry Akku', by Vinayak Varma . © Pratham Books , 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Images Attributions:

Cover page: An angry girl's eyes, by Vinayak Varma © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: An angry girl in the midst of other children playing , by Vinayak Varma © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: A man and a girl riding on a cycle, by Vinayak Varma © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Macaques on the roof, by Vinayak Varma © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: A girl and her father watching monkeys on a roof, by Vinayak Varma © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: A girl drinking a glass of milk, her father watching, by Vinayak Varma © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: A father combing his daughter's hair and offering her a plate of vadas, by Vinayak Varma © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Father and daughter, by Vinayak Varma © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: Giving crayons to a girl, by Vinayak Varma © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: A girl's drawing of a red brick , by Vinayak Varma © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Disclaimer: https://www.storyweaver.org.in/terms_and_conditions

Some rights reserved. This book is CC-BY-4.0 licensed. You can copy, modify, distribute and perform the work, even for commercial purposes, all without asking permission. For full terms of use and attribution, http://creativecommons.org/licenses/by/4.0/

This book was made possible by Pratham Books' StoryWeaver platform. Content under Creative Commons licenses can be downloaded, translated and can even be used to create new stories - provided you give appropriate credit, and indicate if changes were made. To know more about this, and the full terms of use and attribution, please visit the following link.

Images Attributions:

Page 11: A drawing of a boy, by Vinayak Varma © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 12: A drawing of an idli by a child, by Vinayak Varma © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 13: A child's drawing of a bird, by Vinayak Varma © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 14: A child's drawing of her teacher, by Vinayak Varma © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 15: A smiling man, by Vinayak Varma © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 16: A girl lying on the floor and drawing with crayons, by Vinayak Varma © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 17: A girl laughing, by Vinayak Varma © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Disclaimer: https://www.storyweaver.org.in/terms_and_conditions

Some rights reserved. This book is CC-BY-4.0 licensed. You can copy, modify, distribute and perform the work, even for commercial purposes, all without asking permission. For full terms of use and attribution, http://creativecommons.org/licenses/by/4.0/

(Urdu)

اکّو کا دن کافی خراب رہا جس کی وجہ سے اُسے بہت، بہت ہی زیادہ غصّہ آیا. اس کتاب کو پڑھیے اور جانیے کہ اس نے اپنے غصّے پر کس طرح قابو پایا. اور ساتھ ہی یہ معلومات بھی حاصل کریں کہ جب آپ کو بہت، بہت ہی زیادہ غصّہ آئے تو آپ کو کیا کرنا چاہیے.

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.

Pratham Books goes digital to weave a whole new chapter in the realm of multilingual children's stories. Knitting together children, authors, illustrators and publishers. Folding in teachers, and translators. To create a rich fabric of openly licensed multilingual stories for the children of India and the world. Our unique online platform, StoryWeaver, is a playground where children, parents, teachers and librarians can get creative. Come, start weaving today, and help us get a book in every child's hand!